© rasailojaraid.com



بالخصوص حکومت پاکستان کے کار پردازوں سے اپیل کرتے ہیں، کہ فی الفور اس حکومت کی حمایت کی جائے اور ان کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے۔ تاکہ یہ تمام عالم اسلام کیلئے بالعموم اور پاکستان کی دفاع کیلئے چبالخصوص ایک مضبوط قلعہ ثابت ہوسکے۔ اگر اسلامی حکومتیں مغربی طاقتوں کے دباؤ کے باعث اس خدائی تحریک کی حمایت سے ہچکچارہی ہیں تو عام مسلمانوں کو چاہیئے کہ اس نوزائیدہ خدائی مملکت اور خلافت راشدہ کے احیاء کی اس عظیم تحریک کی مدد کیلئے آگے بڑھنا چاہیئے۔ یہ خالص اسلامی تحریک ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے امت مسلمہ کو ایک سنہری موقع عطا فرمایا ہے۔ اس کو ضائع کردینا عالم اسلام کا سب سے بڑا نقصان اور ہماری سب سے بڑی بد قسمتی ہوگی۔ دارالعلوم حقانیہ تمام مسلمانوں سے پر زور اپیل کرتی ہے۔ کہ تحریک کے ساتھ ہر طرح کی نصرت اور تعاون کیا جائے۔

اقوام کی تاریخ نے وہ وقت بھی دیکھا ہے۔
لمحوں نے خطا کی تھی صدیوں نے سزا پائی

واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل

راشد الحق سمیع حقانی
یکم رمضان ۱۴۱۷ھ

معزز قارئین کرام:۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ مہنگائی کی عفریت نے آج پورے ملک کو بری طرح جکڑا ہوا ہے اس کا خاصا اثر طباعت اور کاغذ کی قیمتوں پر بھی پڑا ہے بالخصوص دینی رسائل و جرائد کو اپنا وجود برقرار رکھنا مشکل تر ہوتا جا رہا ہے لہٰذا بامر مجبوری "الحق" کی قیمت میں تھوڑا سا اضافہ ناگزیر ہوگیا ہے لہٰذا اگلے ماہ سے اس کی قیمت 15 روپے فی شمارہ اور سالانہ چندہ 150 روپے مقرر کیا گیا ہے (قارئین کرام اور ایجنٹ حضرات نوٹ فرمالیں شکریہ)

© rasailojaraid.com